نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کے کاشتکاروں کیلئے انتباہ جاری کردیا

لاہور:**28** اگست **2026**:ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پنجاب ماحولیاتی تحفظ قوانین 2023 کی دفعہ 7 کے تحت دھان،گندم،مکئی،کماد و دیگر فصلوں کی باقیات ومڈھوں کو آگ لگانا جُرم ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب کے کچھ علاقوں میں دھان کی اگیتی کاشتہ فصل کٹائی کیلئے تیار ہے۔کاشتکار دھان کی کٹائی کے بعد فصل کی باقیات کو آگ ہرگز نہ لگائیں۔دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے پیدا ہونے والا دھواں سموگ کا باعث بنتا ہے جو انسانی جانوں اور صحت کیلئے خطرناک ہے۔اس کے علاوہ دھان کے مڈھوں کو آگ لگانے سے فضائی آلودگی میں اضافہ سمیت زمین میں موجود نامیاتی مادہ کو نقصان پہنچتا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کاشتکاروں کو متنبہ کیا ہے کہ دھان کی باقیات کو آگ لگانے سے گرفتاری،سزا اور جرمانہ ہوسکتا ہے۔کاشتکار دھان کی کٹائی محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سائنسی انداز میں کریں۔

☆☆☆☆